صرف احمدی احباب کی تعلیم وتربیت کے لئے

بدھ 20 جنوری 2016ء

روزنامہ

1913ء سے جاری شدہ

FR-10

الفضل

The ALFAZL Daily

ٹیلی فون نمبر 047-6213029

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

web: http://www.alfazl.org
email: editor@alfazl.org

بدھ 20 جنوری 2016ء 9 ربیع الثانی 1437 ہجری 20 صلح 1395 ہش جلد 66-101 نمبر 17

عظیم منصوبہ ساز

کلاڈ ایم۔ ہیتھ وے انجینئر لکھتا ہے:

اگرچہ شروع شروع میں خدائے تعالیٰ کے بارے میں میرا علم سراسر تعقل پر مبنی تھا لیکن اب خود میرا دل اس ذات کے وجود کی گواہی دینے لگا ہے اور اس نے عقلی واستدلالی شواہد کو میری نظر میں غیر اہم بنا دیا ہے۔ جن لوگوں کو ان کا تجربہ نہ ہوا ہو ان کے لئے ایسے تجربات ناقابل یقین یا ناقابل فہم ہوں، لیکن تجربے سے متمتع افراد انہیں بالکل معقول خیال کریں گے۔ میں نے یہ معلوم کیا ہے کہ خدا ہی صرف ایسی ذات ہے جو انسانی روح کے تقاضوں کو پورا کرسکتی ہے۔

(خدا موجود ہے، صفحہ 168، مرتبہ جان کلوورا مونزما۔ مترجم عبدالحمید صدیقی، مقبول اکیڈمی لاہور۔ طبع چہارم)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

ہمارا خدا وہ خدا ہے جو اب بھی زندہ ہے جیسا کہ پہلے زندہ تھا اور اب بھی وہ بولتا ہے جیسا کہ وہ پہلے بولتا تھا اور اب بھی وہ سنتا ہے جیسا کہ پہلے سنتا تھا۔ یہ خیال خام ہے کہ اس زمانہ میں وہ سنتا تو ہے مگر بولتا نہیں۔ بلکہ وہ سنتا ہے اور بولتا بھی ہے، اس کی تمام صفات ازلی ابدی ہیں کوئی صفت بھی معطل نہیں اور نہ کبھی ہوگی۔ وہ وہی واحد لاشریک ہے جس کا کوئی بیٹا نہیں اور جس کی کوئی بیوی نہیں۔

وہ دیکھتا ہے بغیر جسمانی آنکھوں کے اور سنتا ہے بغیر جسمانی کانوں کے۔ اور بولتا ہے بغیر جسمانی زبان کے۔ اسی طرح نیستی سے ہستی کرنا اس کا کام ہے جیسا کہ تم دیکھتے ہو کہ خواب کے نظارہ میں بغیر کسی مادہ کے ایک عالم پیدا کر دیتا ہے اور ہر ایک فانی اور معدوم کو موجود دکھلا دیتا ہے پس اسی طرح اس کی تمام قدرتیں ہیں۔ نادان ہے وہ جو اس کی قدرتوں سے انکار کرے۔ اندھا ہے وہ جو اس کی عمیق طاقتوں سے بے خبر ہے۔ وہ سب کچھ کرتا ہے اور کرسکتا ہے بغیر ان امور کے جو اس کی شان کے مخالف ہیں یا اس کے مواعید کے برخلاف ہیں۔ اور وہ واحد ہے اپنی ذات میں اور صفات میں اور افعال میں اور قدرتوں میں۔ اور اس تک پہنچنے کے لئے تمام دروازے بند ہیں مگر ایک دروازہ جو فرقان مجید نے کھولا ہے۔

خدا آسمان وزمین کا نور ہے۔ یعنی ہر ایک نور جو بلندی اور پستی میں نظر آتا ہے۔ خواہ وہ ارواح میں ہے۔ خواہ اجسام میں اور خواہ ذاتی ہے اور خواہ عرضی اور خواہ ظاہری ہے اور خواہ باطنی اور خواہ ذہنی ہے خواہ خارجی۔ اسی کے فیض کا عطیہ ہے۔ یہ اس بات کی طرف اشارہ ہے کہ حضرت رب العالمین کا فیض عام ہر چیز پر محیط ہو رہا ہے اور کوئی اس کے فیض سے خالی نہیں۔ وہی تمام فیوض کا مبدء ہے اور تمام انوار کا علت العلل اور تمام رحمتوں کا سرچشمہ ہے۔ اسی کی ہستیٔ حقیقی تمام عالم کی قیوم اور تمام زیر وزبر کی پناہ ہے۔ وہی ہے جس نے ہر ایک چیز کو ظلمت خانۂ عدم سے باہر نکالا اور خلعت وجود بخشا۔ بجز اس کے کوئی ایسا وجود نہیں ہے کہ جو فی حدّ ذاتہ واجب اور قدیم ہو۔ یا اس سے مستفیض نہ ہو بلکہ خاک اور افلاک اور انسان اور حیوان اور حجر اور شجر اور روح اور جسم سب اسی کے فیضان سے وجود پذیر ہیں۔

خدا تعالیٰ نے اپنے پاک الہام سے مجھے آگاہی بخشی کہ خدا وہ ذات ہے جو اپنی تمام صفات میں کامل ہے اور ازل سے ایک ہی رنگ اور ایک ہی طریق پر چلا آتا ہے نہ اس میں حدوث ہے نہ وہ پیدا ہوتا ہے نہ مرتا ہے اور کوئی پیدا ہونے والا اور مرنے والا بجز عبودیت کے کوئی ایسا تعلق اس سے نہیں رکھتا جسے کہا جائے کہ وہ اس کی خدائی کا حصہ دار ہے بلکہ ایسا خیال کرنا اس ذات کے انکار سے بھی بدتر اور انسان کی تمام بدکاریوں سے بڑھ کر ایک سخت درجہ کا برا خیال ہے۔ یہ سچ اور بالکل سچ ہے کہ خدا تعالیٰ کے مقبول بندوں میں سے سب سے زیادہ مرتبہ پر وہ لوگ ہیں جن کا نام نبی یا رسول ہے بے شک وہ خدا تعالیٰ کے پیارے ہیں مقبول ہیں نہایت درجہ کے عزت دار ہیں اسی میں کھوئے گئے اور اسی کا روپ بن گئے اور خدا تعالیٰ کا جلال ان میں سے ظاہر ہوا اور خدا ان میں اور وہ خدا میں مگر تاہم ان میں سے ہم حقیقتاً نہ کسی کو خدا کہہ سکتے ہیں اور نہ خدا کا بیٹا۔

واقفین نو متوجہ ہوں

حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ نے واقفین نو کو نصیحت کرتے ہوئے فرمایا:۔

’’وقف نو کا ٹائٹل لگا کر سافٹ ویئر انجینئرنگ، کمپیوٹر سائنس میں جانے کی بجائے پہلی ترجیح جامعہ میں جانے کی ہونی چاہئے۔ اس کے بعد ڈاکٹرز، انجینئرز یا کسی دوسری فیلڈ میں جانے کا سوچیں۔‘‘

(روزنامہ الفضل 10 جولائی 2013ء)

واقفین نو حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے ارشاد پر لبیک کہتے ہوئے ابھی سے اپنے آپ کو جامعہ احمدیہ میں داخلہ کیلئے تیار کریں۔

(وکیل التعلیم تحریک جدید ربوہ)

عشرہ حصول وعدہ جات و وصولی چندہ تحریک جدید

وکالت مال اول کی طرف سے مورخہ 22 تا 31 جنوری 2016ء عشرہ حصول وعدہ جات و وصولی چندہ جات تحریک جدید منایا جارہا ہے۔ تمام احباب جماعت سے تحریک جدید کی عالمگیر ضروریات کے پیش نظر بڑھ چڑھ کر وعدہ جات لکھوانے اور ادائیگی کرنے کی درخواست ہے۔

(وکیل المال اول تحریک جدید ربوہ)

سپیشلسٹ ڈاکٹرز کی آمد

مکرم ڈاکٹر عباس باجوہ صاحب
آرتھوپیڈک سرجن

مکرمہ ڈاکٹر آصفہ عباس باجوہ صاحبہ
گائناکالوجسٹ

دونوں ڈاکٹرز مورخہ 24 جنوری 2016ء کو فضل عمر ہسپتال ربوہ میں مریضوں کا معائنہ کریں گے۔ ضرورت مند احباب وخواتین سے گزارش ہے کہ وہ دونوں ڈاکٹرز سے استفادہ کے لئے ہسپتال تشریف لائیں اور پرچی روم سے اپنی پرچی بنوالیں۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

پبلشر و پرنٹر : طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ .... مطبع: ضیاء الاسلام پریس .... مقام اشاعت : دارالنصر غربی چناب نگر ربوہ .... قیمت 5 روپے

ادار یہ

کیپٹن مانٹیگو ڈگلس اوران کے تاثرات

اگست 1897ء میں حضرت مسیح موعود کے خلاف پادری ہنری مارٹن کلارک نے اقدام قتل کا مقدمہ درج کرایا۔ یہ مقدمہ ڈپٹی کمشنر گورداسپور ولیم مانٹیگو ڈگلس کی عدالت میں دائر ہوا۔ یہ ایک جھوٹا اور بے بنیاد الزام تھا۔ مگر دشمن کی تمام مخالفانہ کوششوں اور سازشوں کے باوجود اللہ تعالیٰ نے کیپٹن ڈگلس کے دل پر کشفی نظاروں کے ذریعہ سچائی کو کھول دیا اور اس نے اپنے ہم مذہب پادری کے خلاف 20۔اگست 1897ء کو فیصلہ دے کر انصاف کی اعلیٰ مثال قائم کی۔

حضور نے اپنی ایک کتاب میں اس مقدمہ کے حالات بیان کئے۔ جو جنوری 1898ء میں شائع ہوئی۔ اس میں حضور نے حضرت مسیح کے خلاف فیصلہ دینے والے جج پیلاطوس اور ڈگلس میں سات مشابہتیں بیان فرمائیں اور فرمایا۔

جب تک یہ دنیا قائم ہے اور جیسے جیسے یہ جماعت لاکھوں کروڑوں افراد تک پہنچے گی ویسے ویسے تعریف کے ساتھ اس نیک نیت حاکم کا تذکرہ رہے گا اور یہ اس کی خوش قسمتی ہے کہ خدا نے اس کام کے لئے اس کو چنا۔

کچھ عرصہ بعد مسٹر ڈگلس لندن واپس چلے گئے اور 25 فروری 1957ء کو 93 سال کی عمر میں وفات پائی۔

جماعت احمدیہ ہمیشہ اس محسن کو یاد رکھے گی۔ چنانچہ جب لندن میں احمدیہ مشن کے مربی سلسلہ مولوی مبارک علی صاحب نے ایک مجلس میں انہیں تلاش کرلیا۔ سردار مصباح الدین صاحب مربی سلسلہ لکھتے ہیں۔

لندن میں ریٹائرڈ سول سروس کی ایک ایسوسی ایشن تھی جس کے ممبران کی ملن پارٹی ہوتی رہتی تھی۔ مکرم مولوی مبارک علی صاحب مربی انگلستان بھی سینئر سروس کے ارکان میں تھے۔ ایک موقع پر ایسی ہی ملن پارٹی میں مولوی مبارک علی صاحب جس میز پر بیٹھے تھے ان کے ساتھ کی میز پر دو ریٹائرڈ سول سروس افسر بیٹھے ہوئے تھے۔ ان کی میز مکرم مولوی صاحب کے اتنی نزدیک تھی کہ ان کی بات چیت بخوبی سماعت میں آرہی تھی۔ ان میں سے ایک نے اس واقعہ کی تفصیل بیان کرنا شروع کی جس کا تعلق عیسائیوں کی طرف سے حضرت مسیح موعود کے خلاف مقدمہ قتل سے تھا۔ مکرم مولوی صاحب پوری توجہ سے ان کی گفتگو سنتے رہے جس سے وہ اچھی طرح جان گئے کہ یہ واقعہ بیان کرنے والے کون ہو سکتے ہیں۔ خورد ونوش کا وقت ختم ہوا تو ان سے پوچھا کہ کیا آپ کرنل ڈگلس ہیں؟ انہوں نے جواباً بتایا کہ ہاں میں ڈگلس ہوں۔ اس پر مکرم مولوی صاحب نے اپنا تعارف کرایا اور ان کا پتہ حاصل کیا لیکن ان سے رابطہ نہ کر سکے جبکہ ستمبر 1922ء کو لندن مشن کا چارج خاکسار (سردار مصباح الدین) کو دے کر جرمن مشن کا چارج لینے کے لئے تشریف لے گئے اور جاتے ہوئے نہ صرف یہ قصہ ہی سنا کر گئے بلکہ کرنل ڈگلس کا مکمل پتہ بھی دے گئے۔ میں نے جیسے ہی لندن مشن کا چارج سنبھالا کرنل ڈگلس سے رابطہ کی کوشش شروع کردی جس میں بفضل اللہ تعالیٰ کامیابی ہوئی اور کرنل ڈگلس نے مشن ہاؤس آنے کی دعوت قبول فرمالی۔ یہ پہلا موقعہ تھا کہ کرنل ڈگلس مشن ہاؤس میں تشریف لائے اور لندن مشن سے متعارف ہوئے۔ ان دنوں ہمارا مشن ہاؤس ایک ولا ہی تھا۔ ساتھ وسیع زمین تھی۔ اور اس میں پھلدار درختوں کا باغ تھا۔ مشن ہاؤس کے ڈرائنگ روم میں بیٹھ کر چائے پی، پھر باغ میں ٹہلنے کو نکلے اور ساتھ ساتھ پرانے واقعات کا جس رنگ میں تذکرہ جاری تھا کہ وہ اس بات کی غمازی کررہا تھا کہ ان کے دل پر ایک خاص اثر تھا۔ جماعت احمدیہ کا برطانیہ پہنچنا اور مشن کا قیام، یہ سارے استعجاب ان کے چہرے سے نمایاں طور پر ان کے دل کی کیفیت اور حیرت کا پتہ دے رہے تھے۔ کرنل ڈگلس ٹہلتے ٹہلتے ایک دم ایک جگہ رک گئے اور میری طرف نظر اٹھا کر بولے:

O, You people have reached here and have acquired a landed property?

O, it is simply an astonishing and wonderful thing that a person appeared in my court as an accused one, his followers in a short span of time, having crossed over oceans, have reached to convert Great Britain and Europe to ......?

ترجمہ: اوہ! آپ لوگ یہاں پہنچ گئے! اور عمارت بھی حاصل کرلی! ایک آدمی جو میری عدالت میں ایک ملزم کے طور پر پیش ہوا تھا، اس کے ماننے والے اتنے تھوڑے عرصہ میں سمندروں کو چیرتے ہوئے گریٹ برٹن اور یورپ کو (دین) سے روشناس کروانے یہاں تک آگئے۔

حضرت مسیح موعود کی شبیہ مبارک اپنے تصور میں لاتے ہوئے مجھ سے پھر مخاطب ہوئے:

Listen Moulawi Sahib, from the first moment I saw his face, it has remained before my eyes. At this moment when I am talking about him, I feel that he is person before my eyes.

ترجمہ: سنو مولوی صاحب! جب سے میں نے ان کا چہرہ دیکھا ہے ان کی تصویر میری آنکھوں کے سامنے رہتی ہے اب بھی جب کہ میں آپ سے مخاطب ہوں یوں محسوس ہوتا ہے کہ میں انہیں بنفس نفیس اپنی آنکھوں کے سامنے دیکھ رہا ہوں۔ (میری پونجی از صفیہ بشیر سامی صفحہ 37)

”جب تک انگلستان رہا نہوں نے مشن ہاؤس سے اپنے تعلق کو قائم رکھا۔ اس دوران دو بار مشن ہاؤس آئے اور خطاب بھی کیا۔ میرے قادیان چلے جانے کے بعد میرے ساتھ خط و کتابت بھی رکھی۔ اکثر اپنی بیماری روماٹزم کا ذکر لکھتے رہتے اور ہندوستان سے حاذق طبیب سے دوائی کے لئے بھی لکھتے رہتے۔ ان کا مشن ہاؤس سے تعلق اس قدر پختہ ہوگیا تھا کہ حضرت مولوی عبدالرحیم صاحب درد، حضرت مولوی شیر علی صاحب اور حضرت چوہدری سر محمد ظفراللہ خان صاحب کے ساتھ بڑے قرابت کے تعلقات ہوگئے۔ حضرت مولوی شیر علی صاحب کے ساتھ تو تصویر بھی اتروائی۔ غرضیکہ وہ ان بزرگوں کی محبت میں پروئے جا چکے تھے اور حضرت اقدس مسیح موعود کی صداقت ان کے دل میں اتر چکی تھی اور اچھل کر زبان پر بھی آچکی تھی۔ حضرت چوہدری محمد ظفراللہ خان صاحب اور مکرم عبدالرحیم صاحب درد کا بیان ہے کہ انہوں نے ہمارے سامنے آنحضرت ﷺ کی رسالت اور حضرت مسیح موعود کی صداقت پر ایمان کا اظہار کردیا تھا۔

اسی طرح حضرت مولانا جلال الدین شمس صاحب کے دور میں کرنل ڈگلس متعدد مرتبہ بیت الفضل لندن میں تشریف لائے اور جماعتی اجلاسات میں تفصیلی تقاریر میں حضرت مسیح موعود کا واقعہ بیان فرمایا:

مسٹر ڈبلیو ایم ڈگلس کے ذہن میں آخر تک اس مقدمہ کے واقعات پوری طرح محفوظ تھے اور وہ جب تک زندہ رہے اپنی زندگی کے اس اہم ترین واقعہ کا تذکرہ کرتے رہے اور جب کبھی کوئی احمدی آپ کی ملاقات کے لئے جاتا تو اس واقعہ کی تفصیل ضرور بیان کرتے اور عقیدت آمیز لب ولہجہ میں کہتے کہ میں نے مرزا صاحب کو دیکھتے ہی یقین کرلیا تھا کہ یہ شخص جھوٹ نہیں بول سکتا۔ ایک مرتبہ یوم دعوت الی اللہ کی تقریب پر انہوں نے بیت فضل لندن میں اپنی صدارتی تقریر کے دوران جماعت احمدیہ کے نوجوانوں کو یہ پیغام دیا کہ ”مجھ سے بارہا یہ سوال کیا گیا ہے کہ احمدیت کا سب سے بڑا مقصد کیا ہے؟ میں اس سوال کا یہی جواب دیتا ہوں کہ (دین) میں روحانیت کی روح پھونکنا۔ بانی جماعت احمدیہ نے آج سے پچاس برس پیشتر یہ معلوم کرلیا تھا کہ موجودہ زمانہ میں مذہب اور سائنس کا میلان کس طرف ہوگا...... احمدیت کا ایک مقصد (دین) کو موجودہ زمانے کی زندگی کے مطابق پیش کرنا ہے میں نے جب 1897ء میں بانی جماعت احمدیہ کے خلاف مقدمہ کی سماعت کی تھی اس وقت جماعت کی تعداد چند سو سے زیادہ نہ تھی۔ لیکن آج دس لاکھ سے بھی زیادہ ہے پچاس سال کے عرصے میں یہ نہایت شاندار کامیابی ہے اور مجھے یقین ہے کہ موجودہ نسل کے نوجوان اس کی طرف زیادہ توجہ دیں گے اور آئندہ پچاس سال کے عرصہ میں جماعت کی تعداد بہت بڑھ جائے گی۔“

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

مکرم زکریا ورک صاحب۔ کینیڈا

علاج العین میں مسلمانوں کے کارنامے

آٹھویں صدی سے بارہویں صدی تک اسلامی ممالک میں سائنس نے حیران کن حد تک فروغ پایا۔ نہ صرف یہ کہ ضخیم کتابیں ضبط تحریر میں لائی گئیں بلکہ نئی ایجادات اور دریافتیں بھی کی گئیں۔ طب کے میدان میں مسلمان اطباء نے جس فیلڈ میں سب سے زیادہ اہم کارنامے انجام دیئے وہ امراض العین تھیں۔

علاج العین طب کی وہ شاخ ہے جس میں آنکھ کی اناٹومی، فزیالوجی، امراض العین، دماغ اور آنکھ کے اردگرد کے عوارض کا علاج کیا جاتا ہے۔ عربی میں آنکھوں کے ماہر معالج کو الکحال کہا جاتا ہے جو کحل سے مشتق ہے۔ عہد وسطیٰ میں طب کی جو کتب لکھی گئیں ان میں آنکھ پر ضرور ایک باب ہوتا تھا۔ عباسی خلفاء کے دربار میں کحال کو اعلیٰ مقام حاصل ہوتا تھا۔

مشہور مسلمان اطباء جیسے الرازی، ابن الہیثم، ابن سینا، الزہراوی، ابن زہر، ابن رشد، ابن نفیس نے طب کی اس شاخ میں بنیادی اور اہم کارنامے سرانجام دیئے تھے۔ ان جلیل القدر اطباء کی کتابیں یورپ میں صدیوں تک نصابی کتب کے طور پر مطالعہ کی جاتی رہیں۔

آج کے دور میں جس طرح سائنس مختلف شاخوں میں تقسیم ہے عہد وسطیٰ میں ایسا نہیں تھا۔ پھر جس طرح ہمارے دور میں سکالرز اپنی اپنی فیلڈ میں تخصیص حاصل کر کے اسی فیلڈ میں تمام تحقیق کرتے ہیں ایسا عہد وسطیٰ میں نہیں تھا۔ کوئی بھی فاضل شخص ایک ہی وقت میں حساب دان، طبیب، ہیئت دان یا کیمیا دان ہوسکتا تھا۔ اس کی واضح مثال ابن سینا اور ابن رشد ہیں۔ ان دونوں کو طب، ہیئت، فلسفہ اور دیگر علوم پر قدرت حاصل تھی۔

ڈاکٹر بننے کے لئے کوئی واضح اور معین طریق کار نہیں تھا۔ عموماً عالم فاضل طب کی کتابوں کا خود ہی مطالعہ کرتے اور کسی ماہر طبیب کی نگرانی میں ٹریننگ حاصل کرتے تھے۔ ماہر امراض العین بننے کے لئے لائسنس کی ضرورت ہوتی تھی جو حکیم باشی یعنی شاہی طبیب جاری کرتا تھا۔ اسلامی دنیا میں 931ء سے قبل طب کی پریکٹس کے لئے اجازت نامے جاری نہیں کئے جاتے تھے۔ البتہ خلیفہ المقتدر کے دور خلافت میں سنان ابن ثابت کو مقرر کیا گیا کہ وہ سرٹیفکیٹ (اجازہ) جاری کرنے سے قبل امتحان لے اور پھر پریکٹس کرنے کا لائسنس جاری کرے۔ ماہرین امراض چشم کے ممتحن کو یہ ثابت کرنا ہوتا تھا کہ وہ آنکھ کی بڑی بڑی بیماریوں سے واقفیت رکھنے کے علاوہ ان کی پیچیدگیاں، نیز ان کے علاج کے لئے ادویہ سے واقف اور ان کو Collyria & ointments تیار کرسکتے تھے۔

مسلمان ماہرین امراض چشم نے آنکھوں کے امراض اور ان کے علاج کے لئے حیران کن دریافتیں کیں۔ یہ مسلمان طبیعات دان ابن الہیثم ہی تھا جس نے سب سے پہلے آنکھ کی اناٹومی پیش کی تھی۔ آنکھ کے پردہ بصارت Retina کی اصطلاح ابن سینا کے وضع کردہ عربی لفظ سے مشتق ہے۔ عمار بن علی موصلی Injection Syringe کا موجد ہے۔ مسلمان ماہرین امراض چشم نے Pannus, Glaucoma, Phlyctenulae, & Conjunctiva Operation جیسے امراض چشم کا ذکر کیا تھا۔ آنکھوں سے متعلق بہت سے الفاظ مسلمانوں نے وضع کئے تھے۔ جیسے مغلۃ العین Eyeball، القرنیہ Cornea، ملتحمہ Conjunctiva، اور شبیکۃ العین Retina۔ مسلمانوں نے آنکھوں کی پلکوں کے آپریشن کئے جس میں پلکیں سخت ہوجاتی ہیں۔ Trachoma۔ پھر کالا موتیا (گلاؤکوما) کے آپریشن کئے جس میں آنکھ کے اگلے حصے میں پانی کے دباؤ کی زیادتی سے آنکھ کی پتلی پھیل جاتی ہے۔

اسلامی دنیا میں پانچ سو سال 800-1300 کے دوران 60 ماہرین امراض چشم پیدا ہوئے جنہوں نے امراض وعلاج العین پر قابل ذکر کتابیں تصنیف کیں۔ جبکہ یورپ میں 1200 سے پہلے کوئی ایک بھی ایسا ماہر پیدا نہیں ہوا تھا۔ آنکھ کی اناٹومی پر مسلمان مصنفین نے اوریجنل کتابیں لکھیں، البتہ ان کی تحقیقات محدود تھیں کیونکہ انہوں نے تمام تحقیقی کام جانوروں پر کیا تھا۔ ویٹی کن لائبریری میں ابن نفیس کی تصنیف کتاب المہذب فی طب العین کا ایک نسخہ موجود ہے جس میں جانور کی آنکھ کی تفصیل کے علاوہ انسانی آنکھ کی اقسام اور ان کے رنگوں کو بیان کیا گیا ہے۔

مسلمان ماہرین امراض چشم نے اس فیلڈ میں یادگار اور بنیادی کارنامے سرانجام دیئے جن میں سے چند ایک کے نام یہ ہیں: یوحنا ابن مساویح، عمار ابن علی موصلی، حنین ابن اسحٰق نصرانی، علی ابن عیسیٰ، ابن الہیثم، ابوعبداللہ ابن تمیمی، عدنان عین ضربی، الغافیقی، ابن رشد، داؤد انطاکی، ابراہیم حنفی، عبدالقادر خلاصی دمشقی، احمد حسن رشیدی۔ ایسے قابل ذکر مصنفین نے امراض چشم، سرجری، علم الادویہ، امراض الاطفال، پبلک ہیلتھ، پر کتابیں زیب قرطاس کیں جنہوں نے یورپین مصنفین کو گہرے رنگ میں متاثر کیا۔ مسلمان ماہرین امراض چشم کی کتابوں کے تراجم لاطینی میں کئے گئے جو یورپ میں علاج العین کے لئے بنیادی اینٹ ثابت ہوئے۔ عربی کی بعض کتابیں تو انیسویں صدی تک یورپ کی نصابی کتابوں میں شامل رہیں۔ اب ہم جلیل القدر مسلمان ماہرین چشم کے مختصر حالات زندگی بیان کریں گے۔

حنین ابن اسحٰق (بغداد 873) پہلا طبیب تھا جس نے آنکھ کی اناٹومی اپنی شاہکار تصنیف کتاب العشر مقالات فی العین میں پیش کی تھی۔ اس کی بیان کردہ آنکھ کی فزیالوجی یورپ کی نشاۃ ثانیہ کے دوران پہنچی جس کے ساتھ عربی کی بہت سی فنی اصطلاحات یورپ میں متعارف ہوئیں جو ابھی تک مستعمل ہیں۔ یورپین سکالرز نے حنین کی بنائی ہوئی آنکھ کے ڈایاگرام کی تشہیر کی۔ حنین نے آنکھ کے Cysts, Tumors, Ulcers بیان کئے، یہ کیوں ہوتے ہیں اور ان کا علاج پیش کیا۔ اس نے موتیابند کا علاج بھی بیان کیا تھا۔

محمد ابن زکریا الرازی (ایران 923ء) کا یورپ میں لقب جالینوس العرب تھا۔ وہ پہلا انسان تھا جس نے بیان کیا کہ پردہ بصارت روشنی ملنے پر ردعمل دکھاتا ہے۔ اسی طرح اس نے سب سے پہلے Reflex Action of The Pupil بیان کیا۔ اس نے اپنی کتاب میں بیان کیا کہ آنکھوں سے روشنی خارج نہیں ہوتی جیسا کہ یونانی حکماء کا خیال تھا۔ کتاب المنصوری میں اس نے موتیابند دور کرنے کا طریقہ ایک گلاس ٹیوب کے ذریعہ بتایا۔ امراض چشم پر اس کی کتاب کا جرمن میں ترجمہ 1900ء میں ہوا تھا۔ اس مشہور تصنیف کتاب الحاوی میں ایک باب علاج العین پر ہے۔ اس نے گلاؤکوما کی وجوہات بیان کیں جیسے نمک کا زیادہ استعمال۔ اس فیلڈ کی دیگر کتابیں یہ ہیں: فی کیفیات الابصار، کتاب فی هيئة العين، کتاب فی علاج العین بالحدید۔ اس نے بیان کیا کہ ہوا میں موجود جراثیم متعدی امراض کی وجہ بنتے ہیں۔ بشمول آنکھوں کی سوزش۔ وبائی امراض پر اس کا رسالہ دنیا میں پہلا سائنسی مقالہ تھا۔ رازی کی تخلیقیت ان عملی طبی مشاہدات میں دیکھی جاسکتی ہے جو کتاب المنصوری میں بیان کئے تھے۔

(Hamarneh, Arabic Ophthalmology, H.M. Said, Karachi 1987- pp 75-89)

ابو منصور الحسن القمری (ایران 990ء) فقیدالمثال طبیب ابن سینا کا استاد تھا۔ اس کی تصنیف کتاب الغنیٰ والمنیٰ کا مسودہ نیشنل لائبریری آف ہیلتھ امریکہ میں موجود ہے۔ اس نے کمزور نظر کی وجوہات پیش کیں۔ آج کل اس کو ریٹینو پیتھی retinopathy کہا جاتا ہے۔

ابوالحسن محمد بن طبری (دسویں صدی) کی کتاب معالجہ البقراطیہ میں دس مقالہ جات ہیں جس میں چوتھا مقالہ امراض العین پر ہے۔ اس نے آنکھ کے طبق بیان کر کے ان کے فوائد بیان کئے۔ جرمن پروفیسر ہرش برگ نے علاج العین میں اس کے تجربہ کی ستائش کی ہے۔

علی ابن عباس المجوسی (ایران 994ء) نے علاج العین پر کتاب کامل الصنعۃ الطبیہ تالیف کی۔ گیارہویں صدی میں اس کا لاطینی میں ترجمہ کنسٹنٹین دی افریقن نے Liber Regius کے نام سے کیا۔ اس کتاب کے تیرھویں باب میں آنکھ کی تفصیل، اس کا استعمال، امراض اور علاج العین بیان کیا گئے تھے۔ کتاب الملکی کا اردو میں ترجمہ حکیم غلام حسین کنتوری نے کیا جو لکھنو سے 1889ء میں شائع ہوا تھا۔ اس نے دو اور نئی چیزیں بیان کیں یعنی Idea of Capillary System and Pterygium۔ اس کے علاوہ اس کو آنکھ کے تین عوارض کا علم تھا یعنی Optic Nerve, Retina, & Choroidal Disease. آنکھ کی بیماری میں مبتلا لوگوں کے لئے اس نے خاص غذا تجویز کی۔ اس نے 130 امراض العین کا ذکر کیا، 143 مفرد ادویاء کا اور متاثرہ آنکھوں کے لئے جڑی بوٹی کا استعمال۔ کتاب کا لاطینی میں ترجمہ 1499ء میں ہوا، فرنچ میں 1903ء اور جرمن میں 1904ء۔

(Y.Z. Al-Hasan, Science & Technology in Islam, UNESCO, NY 2001, p 466)

ابوالقاسم الزہراوی (1009ء) کو ماڈرن سرجری کا رہبر تسلیم کیا جاتا ہے۔ اس نے موتیا بند کے آپریشن کر کے ان کو تفصیل سے بیان کیا۔ سرجری پر اس کی فقیدالمثال تصنیف کتاب التصریف میں امراض العین کو بارہ حصوں میں تقسیم کیا ہے بشمول Scabies, Adhesion & Cohesion، اس نے کہا کہ انگوری پردے کا ورم Chemosis دو طرح کا ہوتا ہے۔ اس نے ملتحمہ (آنکھ کی جھلی جو پتلی پر چھائی ہوتی ہے) کے امراض بیان کئے جیسے پیپ دار آشوب چشم، آنکھ کے سفیدے میں خونی دھبے، قرنیہ کے عوارض جیسے السرجس سے سخت درد ہوتا، سر درد ہوتا اور آنسو گرتے رہتے ہیں۔ مقالہ نمبر 30 میں آنکھ کے سرجیکل آپریشن بیان کئے۔ اس نے سرجری کے اوزاروں کی ڈایاگرام اپنی کتاب میں دیں۔

(Spink On Surgery & Instrument, Eng. Translation of Kitab- al-Tasrif, London 1973)۔

علی ابن عیسیٰ (عراق 1010ء) بغداد کا مشہور زمانہ طبیب اور ماہر امراض چشم تھا۔ اس نے علاج العین پر اپنی تحقیقات کو کتابی صورت میں تذکرۃ الکحالین کے نام سے پیش کیا۔ اس موضوع پر جامع تصنیف اس نے یونانی اور رومی علم کو اپنے مشاہدات کو مدنظر رکھتے ہوئے پیش کیا۔ اس میں آنکھ کے 130 عوارض بیان کئے گئے ہیں۔ عہد وسطیٰ میں یہ یورپ میں نصابی کتاب کے طور پر استعمال ہوتی رہی بلکہ یہ علاج العین پر 18ویں صدی تک بائبل کا درجہ رکھتی تھی۔ یہ تین جلدوں پر مشتمل ہے جلد اول

اناٹومی اور فزیالوجی، جلد دوم آنکھ کے خارجی امراض ان کے اسباب اور علاج، جلد سوم آنکھ کے پوشیدہ امراض پر ہے جو آنکھوں کے لئے نقصان دہ ثابت ہوسکتے ہیں۔ فارسی میں ترجمہ کے بعد اس کا لاطینی میں ترجمہ کیا گیا جو 1497ء میں وینس سے شائع ہوا تھا۔ کتاب کا جرمن ترجمہ اور تفسیر ہرش برگ نے 1904ء میں کیا۔ Casey Wood کا انگلش ترجمہ 1936ء میں نارتھ ویسٹرن یونیورسٹی شکاگو سے شائع ہوا تھا۔ انگلش کا ایک نسخہ کوئینز یونیورسٹی کنگسٹن کینیڈا کی نایاب کتابوں کے حصہ میں موجود ہے جس کا راقم نے مطالعہ کیا ہے۔ Call No. RE 41.A39۔

عمار بن علی موصلی (قاہرہ 1010) فاطمی خلیفہ الحاکم بامراللہ (1020ء) کا ممتاز شاہی طبیب تھا۔ وہ تجربہ کار آئی سپیشلسٹ تھا۔ اس کی تصنیف کتاب المنتخب فی علاج العین عالموں کے سرپرست قاضی ملک ابن سعید (1014ء) کے نام معنون تھی۔ اس نے منطقی طریقے سے امراض العین کے علاج پیش کئے۔ اس نے تفصیل سے آنکھ کی اناٹومی، فزیالوجی اور علاج کے لئے نسخوں کو بیان کیا۔ اس نے آنکھ کے 48 عوارض بیان کئے، ذاتی مشاہدات بیان کئے اور سرجری کے اوزاروں کی تفصیل دی۔ اس نے سکشن کے ذریعہ موتیا بند کا آپریشن خود کیا۔ یورپ میں ہالو نیڈل Hollow Needle کے ذریعہ موتیا کو نکالا جانا اٹھارہویں صدی میں ہوا تھا۔ اس نے موتیا بند کے چھ اقسام کے آپریشن بیان کئے۔ جارج سارٹن نے عمار بن علی کو تمام مسلمان ماہرین امراض چشم میں سے سب سے افضل آئی ڈاکٹر بیان کیا ہے۔

(جارج سارٹن، ہسٹری آف سائنس 1927ء صفحہ 729)

الحسین ابن عبداللہ ابن سینا (ایران 1037ء)
دنیا کی مایہ ناز کتاب القانون فی الطب کا مصنف تھا جو یورپ میں بارہویں صدی میں منصہ شہود پر آئی تھی۔ اس کتاب کا یورپ کے علمی حلقوں میں داخلہ سنسنی خیز تھا۔ جلد ہی یہ یورپ کی سٹینڈرڈ ٹیکسٹ بک قرار دی گئی۔ پندرھویں صدی میں اس کے سولہ ایڈیشن شائع ہوئے تھے۔ اگلی صدی میں بیس اور ایڈیشن منظر عام پر آئے۔ یونیورسٹی آف وی آنا میں یہ 1537ء تک ٹیکسٹ بک کے طور پر استعمال ہوتی رہی۔ بارہویں صدی سے سترہویں صدی تک اس کی قرابادین یورپ میں زیر استعمال تھی۔ وہ پہلا سائنسدان تھا جس نے آنکھ کے چھ Extrinsic Muscles بیان کئے جو آنکھ کی حرکت کو کنٹرول کرتے ہیں۔ اس نے آنکھ کی پتلی کے پھیلنے اور سکڑنے کو بیان کرکے ان کی ڈایانا سٹک اہمیت کو واضح کیا۔ اس کے علاوہ آنسوؤں کی افرازی نالیوں کو بیان کیا۔ القانون میں اس نے دیکھنے کے عمل کو بیرونی پانچ حصوں میں سے ایک کہا۔

(القانون انگلش ترجمہ از ڈاکٹر ایم ایچ شاہ، کراچی 1966ء)

ابن الہیثم (قاہرہ 1039ء) کو جدید علم بصارت کا جدامجد تسلیم کیا جاتا ہے۔ آنکھ کی فزیالوجی اور علم المناظر کا آپس میں گہرا تعلق ہے۔ وہ پہلا سائنسدان تھا جس نے آنکھ کی اناٹومی اپنی شاہکار تصنیف کتاب المناظر کے پانچویں باب میں پیش کی تھی۔ اس نے آنکھ کی فزیالوجی پیش کی، خاص طور پر قرنیہ، عدسہ اور Corpus Vitreum۔ اس نے نظر پر روشنی کے اثر کی وضاحت کی۔ اس نے اپنے دور کے بعض نظریات کی تردید کی جیسے روشنی اشیاء سے ہماری آنکھوں تک جاتی ہے نہ کہ آنکھ سے روشنی خارج ہوتی ہے۔ اس نے آنکھ کے حصوں کی وضاحت کی۔ اس نے نظام بصری کو انعطافی، روشنی کی لہروں کا جھکاؤ Dioptric کہا اور آنکھ کے مختلف حصوں میں تعلق واضح کیا۔ کہا جاتا ہے کہ اس نے گیارہویں صدی میں آنکھ کی ساخت اور ترکیب پر قدرت حاصل کر لی تھی۔ اس کا ثبوت آنکھ کی ڈایاگرام ہے جو اس نے بنائی تھی۔ اس نے نظر کے تعلق سے تمام فنی اصطلاحوں کو وضع کیا جیسے ثقب النابیہ (پتلی)، القرنیہ، الاعصاب البصریہ، البیضیاء، الجلیدیہ، الزجاجیہ۔ اس نے تجربات سے ثابت کیا کہ ہمارا دیکھنا روشنی کے انعطاف کی وجہ سے ممکن ہوتا ہے۔ اس نے مزید تجربات کے بعد کہا کہ انسانی آنکھ کے پردہ بصارت پر ایسے روشنی گرتی ہے جس طرح کسی تاریک کمرے میں چھوٹے سوراخ میں سے روشنی دیوار پر گرتی ہے۔ پردہ بصارت پر جو الٹا عکس بنتا ہے وہ اعصاب بصری کے ذریعہ دماغ تک پہنچتا ہے۔ ابن الہیثم نے بیت مظلمہ کو اپنے وسیع بصری تجربات میں کثرت سے استعمال کیا اور اس کا موازنہ آنکھ سے کیا۔

برطانیہ کے پروفیسر الخلیلی کا کہنا ہے کہ نیوٹن کی ذاتی لائبریری میں ابن الہیثم کی کتاب کا لاطینی ترجمہ پایا گیا ہے۔ پروفیسر چارلس گراس کا کہنا ہے کہ ابن الہیثم پہلا عالم تھا جس نے perception میں آنکھ کی حرکات کی اہمیت کو جانا تھا۔ حال کے زمانہ میں اس بات کو تسلیم کیا گیا ہے کہ آنکھ کی حرکت کے بغیر ادراک ممکن نہیں اور نظر آتی دنیا کے لئے ہماری آگہی یا شعور کیلئے آنکھ کی حرکت بنیادی ہے۔ ابن الہیثم نے کہا آنکھ کا روشنی کو وصول کرنا ادراک کی جانب پہلا قدم ہے۔ Charles Gross, Tales in the History of Neuroscience, Bradford Books, 1999۔

محمد بن احمد المقدسی التمیمی (فلسطین، دسویں صدی) کتاب فی ماہیۃ الرمض وانواعہ واسبابہ و علاجہ، امراض وعلاج العین پر اس کے اشہب قلم سے نمودار ہوئی۔ اس نے تجویز کیا کہ پردہ بصارت Retina نظر کے لئے کس حد تک ذمہ دار ہے۔ پردہ عکس پر روشنی اسی طرح گرتی ہے جس طرح دیوار میں چھوٹے سوراخ میں سے روشنی بیت مظلمہ میں پردہ پر گرتی ہے۔ اعصاب بصری کے ذریعہ ایسی بننے والی شبیہ دماغ تک پہنچتی ہے۔ اس نے علم بصارت کے بہت سارے مسائل کا حل علم بصارت کو جیومیٹری سے ملا کر نکالا۔ نہ صرف یہ کہ اس نے عدسے خود بنائے بلکہ اپنی گوناگوں دریافتوں میں ان کو استعمال کیا۔ المقدسی نے اپنے پیش روؤں کی تھیوریز کو فرسودہ ثابت کرنے کیلئے سائینٹفک میتھڈ استعمال کیا۔ سائینٹفک میتھڈ کسی سائنسی سوال کے پوچھنے اور اس کا جواب مشاہدے اور تجربے کے ذریعہ دینے کا نام ہے۔

محمد ابن منصور زرین دست (ایران 1088ء) سلجوق حکمران ابوالفتح ملک شاہ (م 1093ء) کے دور حکمرانی میں مشہور ومعروف آئی ڈاکٹر تھا۔ اس نے فارسی میں علاج العین پر انسائیکلوپیڈیا نور العیون کے نام سے زیب قرطاس کیا۔ بیسویں صدی کے معروف جرمن طبیب چشم پروفیسر ہرش برگ نے اس کو جرمن میں 1905ء میں منتقل کیا اور لیپزگ سے شائع ہوا تھا۔ نورالعین دس مقالہ جات پر مشتمل ہے۔ ساتویں مقالہ میں اس نے تیس قسم کے آپریشن بیان کئے جن میں سے تین موتیا بند کے آپریشن تھے۔ اس نے آنکھ کی اناٹومی اور فزیالوجی اور عوارض پر اظہار خیال کیا۔ ایک باب ایسی بیماریوں سے متعلق تھا جو آنکھ سے نظر آتیں۔ ایک باب ایسی بیماریوں کے متعلق تھا جو پوشیدہ ہیں جن کے آثار آنکھ اور نظر میں نمودار ہوتے مگر ان کا سبب کچھ اور ہوتا ہے۔ کتاب کا کثیر حصہ آنکھ کی سرجری سے متعلق ہے۔ ماہرین امراض چشم جو دوائیاں استعمال کرتے ان کی بھی تفصیل دی گئی ہے۔

عدنان عین ضربی (قاہرہ 1153ء) اپنے دور کا افضل ترین آئی ڈاکٹر تھا۔ بغداد میں تعلیم مکمل کرنے کے بعد اس نے وہیں پریکٹس شروع کی مگر بعد میں قاہرہ منتقل ہوگیا۔ وہ فاطمی حکمران ابو محمد الظافر بامراللہ (م 1154) کا شاہی طبیب تھا۔ اپنی شاہکار تصنیف الکافی فی صنعۃ الطب میں اس نے آنکھ کے پپوٹوں کے اندر خارش scabies، اس کی اقسام، پپوٹوں کے بند کرنے اور کھولنے میں تکلیف خاص طور پر علی الصبح بیدار ہونے پر، ان تمام امور کی تفصیل دی۔ اس نے Snow-Whiteness کی وجوہات دیں۔

قاضی نفیس الدین ابن زبیر (بارہویں صدی) ہندوستان کا ممتاز طبیب، سرجن اور آئی ڈاکٹر تھا۔ قاہرہ کے بیمارستان ہسپتال میں جو معروف اطباء تھے وہ ان میں سے ایک تھا۔ ہندوستان کے بادشاہ محمد ابن تغلق اور فیروز شاہ طب میں خصوصی دلچسپی لیتے تھے۔ فیروز شاہ نے کتاب طب فیروز شاہی تصنیف کی جس میں ان عوارض کا ذکر کیا گیا تھا جو القانون فی الطب میں مذکور نہیں تھے۔ اس کو آنکھوں کی سرجری اور عوارض میں بھی دلچسپی تھی۔ اس نے ایک پاؤڈر تیار کیا جس کا نام کحل فیروز شاہی تھا۔ یہ سانپ کی کھال اور مقامی جڑی بوٹیوں سے بنایا گیا تھا۔

ابوجعفر احمد بن محمد الغافقی (قرطبہ 1165ء) نے علاج العیون پر عظیم الشان کتاب المرشد فی الکحل زیب قرطاس کی جس میں اس نے آلات سرجری کے ڈایاگرام پیش کئے۔ اس کتاب کو میکس مائیرہاف Meyerhof نے تدوین کیا اور بارسیلونا سے 1933ء میں شائع ہوئی تھی۔ کتاب میں آنکھ کے عوارض کے ساتھ سر اور دماغ کے عوارض کا بھی ذکر کیا گیا تھا۔

ابن رشد (قرطبہ 1198ء) نے اپنی شہرہ آفاق تصنیف کلیات فی الطب باب 2:15 اور 3:38 میں آنکھ پر مفصل روشنی ڈالی۔ اس نے تحقیق کے بعد پتہ لگایا کہ پردہ عکس نہ کہ عدسہ آنکھ میں فوٹو ری سیپٹر ہے۔ (ری سیپٹر یعنی اعصابی نظام میں ہر وہ عضو یا خلیہ جو ماحول سے اثر وصول کرکے عصبی پیغام پیدا کرتا ہے جیسے آنکھ، کان)۔ اس دریافت کا سہرا بھی اس کے سر ہے کہ بینائی کا سرچشمہ arachoid membrane (aranea) ہے۔

فتح الدین القیسی المقدسی (قاہرہ 1251ء) تھیوری اور پریکٹس دونوں میں فاضل طبیب تھا۔ وہ آنکھ کے تمام عوارض اور ان کے جملہ علاج پر قدرت تامہ رکھتا تھا۔ اس کی اعلیٰ پایہ کی تصنیف نتیجۃ الفکر فی امراض البصر، ملک الصالح نجم الدین ایوب (1249ء) کی فرمائش پر ضبط تحریر میں لائی گئی تھی۔ نتیجہ فکر سترہ ابواب پر مشتمل ہے۔

کتاب میں مصنف کے ذاتی تجربات اور مشاہدات دلچسپ اور بصیرت افروز ہیں۔ اس کتاب کی چودہ جلدیں موجود ہیں۔ جرمن میں ترجمہ 1988ء میں Hans-Dieter Bischoff نے فرینکفرٹ میں کیا تھا۔

خلیفہ ابی المحاسن (حلب 1256ء) شام کا شہرہ آفاق آئی سپیشلسٹ تھا۔ اس کی 564 صفحات کی نادر الوجود تصنیف میں 36 آلات کے ڈایاگرامز، ان کے اسماء اور استعمال دیئے گئے ہیں۔ اس نے دماغ اور اس کی ممبرین، اعصاب بصری، اور آنکھ کی تصاویر دیں۔ اس نے تجربات کے بعد کہا کہ دائیں آنکھ بائیں طرف کو کنٹرول کرتی جبکہ بائیں آنکھ دائیں طرف کو کنٹرول کرتی ہے۔ اس نے دماغ اور آنکھوں کے درمیان visual pathways پر بحث کرتے ہوئے 12 قسموں کے موتیا بند کے آپریشن بیان کئے۔ موتیا بند کو عربی میں نزول الماء کہا جاتا ہے یعنی پانی اتر آنا، پانی آنکھوں میں اتر

آتا جس سے عدسہ دھندلا ہو جاتا ہے۔ ابی المحاسن کو اپنی مہارت پر اس قدر اعتماد تھا کہ اس نے ایک ایسے شخص کے موتیا بند کا آپریشن کیا جس کی صرف ایک آنکھ تھی۔

علاؤالدین ابن نفیس (قاہرہ 1289ء) نے کتاب المختار فی الاغذیہ لکھی جس میں غذا کے اثرات صحت پر بتائے گئے نیز کن غذاؤں کا اثر جسم پر منفی ہوتا ہے۔ اس نے دریافت کیا کہ آنکھ کے ڈھیلے کے پیچھے پٹھہ آنکھ کے عصب (آپتھالمک نرو) کو سپورٹ نہیں کرتا، یہ ایک دوسرے کی راہ میں حائل نہیں ہوتے اور یہ کہ اعصاب بصری ایک دوسرے کو کاٹتے لیکن ایک دوسرے کو چھوتے نہیں ہیں۔ اس نے گلاؤ کوما کے نئے علاج دریافت کئے، ایک آنکھ میں نظر کی کمزوری جب دوسری آنکھ کسی عارضہ سے لاحق ہوتی ہے۔ علاج العیون پر اس کی لاجواب تصنیف کتاب المہذب فی الکحل والمجرب دو حصوں میں ہے یعنی تھیوری آف آپتھلمالوجی اور آنکھوں کے لئے مفرد اور مرکب ادویہ۔ اس نے مشاہدہ سے بتایا کہ پردہ عکس، آنکھ کے ڈھیلے کا پردہ، آنکھ کی پتلی کا ایک طبق ہے۔ اس نے اس چیز کی تردید کی کہ آنکھ کے ڈھیلے کے سات طبق ہیں۔

صلاح الدین ابن یوسف الکحال (حما، شام 1296ء) نے اپنے نور نظر کے لئے شاندار کتاب نور العیون و جامع الفنون لکھی جس میں اس کے دور تک کے آئی ڈاکٹر کی سوانح عمریاں دی گئی تھیں۔ کتاب دس مقالہ جات میں تقسیم ہے جیسے آنکھ کی تفصیل بمع اناٹومی ڈایا گرامز کے ساتھ، تھیوری آف ویژن، امراض العیون بمع وجوہات اور علاج، آنکھ صاف کرنے کے فوائد وغیرہ۔

صدقہ ابن ابراہیم شادیلی (قاہرہ 14 صدی) نے عالیشان کتاب العمدہ الکحلیہ فی الامراض البصر یہ لکھی جو مصر کے میڈکل کالجز کے نصاب میں شامل تھی۔ کتاب کے مطالعہ سے پتہ چلتا ہے کہ مصر میں اس وقت کس پایہ کی سرجری اور علاج العین کا علم موجود تھا۔ کتاب 153 صفحات پر مشتمل، پانچ مقالہ جات میں تقسیم ہے جو فصلوں میں منقسم ہیں۔ اس نے مشاہدہ کیا کہ دماغ اور آنکھوں میں مستحکم تعلق پایا جاتا ہے۔ اس نے مزید کہا کہ ہر نسل میں آنکھ کا رنگ مختلف ہوتا ہے۔ اس نے Trachoma آنکھوں کے ککروں کے چار مراحل بیان کئے۔ ککرے آنکھوں کی متعدی بیماری ہے جس میں پپوٹے میں چھوٹے چھوٹے دانے پیدا ہو جاتے ہیں۔ کتاب کا مسودہ نیشنل لائبریری آف میڈیسن امریکہ میں موجود ہے۔ http://www.nlm.nih.gov/ hmd/arabic/mon7.html#a29.1۔

ابراہیم علی ابن طالب (سترھویں صدی) نے کتاب استبصار فی العلاج الابصار 1698ء کے لگ بھگ زیب قرطاس کی۔ یہ درحقیقت امراض العین پر نہایت مفید دستی کتاب تھی۔ کتاب چار مقالوں (فنون) میں تقسیم ہے: پہلا فن اناٹومی اور آنکھ کا فنکشن، آنکھ کے اندرونی اور بیرونی عوارض، آنکھ کے پوشیدہ عوارض، امراض العین کیلئے مرکب ادویہ۔ کتاب کا مسودہ نیشنل لائبریری آف میڈیسن، میری لینڈ میں موجود ہے۔ http://www.nlm.nih.gov/hmd/arabic/concordancea1a29.html۔

الزبال (مصر) میں 1827ء میں ایک میڈیکل سکول قائم کیا گیا جو بعد میں قصر العینی میں 1835ء میں منتقل ہو گیا۔ یہاں کا ایک نامور عالم فاضل احمد حسن راشدی تھا جس نے کتاب ضیاء النیرین فی علاج العینین لکھی جو قاہرہ سے 1840ء میں شائع ہوئی تھی۔ یاد رہے کہ آئی ڈاکٹروں کی ٹریننگ قصر العینی اور ہسپتال میں ہوا کرتی تھی۔

ڈاکٹر عبدالمعز شمس (ہندوستان اکیسویں صدی) ہندوستان کے مشہور و معروف آئی ڈاکٹر ہیں جو دودھ پور علی گڑھ میں پریکٹس کرتے ہیں۔ 2013ء میں جب راقم علی گڑھ میں تھا تو انہوں نے بکمال شفقت مجھے اپنی کتاب ہماری آنکھیں عنایت فرمائی تھی۔ ان کے پی ایچ ڈی کے مقالہ کا نام ہماری آنکھیں اور اردو شاعری ہے۔ آپ نے ہندوستان، آسٹریلیا اور امریکہ سے میڈیکل ڈگریاں حاصل کی ہیں۔ اس کے علاوہ علاج العین میں انہوں نے جاپان، سنگاپور اور ملائیشیا میں ٹریننگ حاصل کی ہے۔ ہندوستان، ایران اور عرب کے ہسپتالوں میں آئی آپریشنز کر چکے ہیں۔ انڈیا میں آپ فری آئی کیمپ منعقد کرتے ہیں تا محتاج اور غرباء کے مفت آپریشن کئے جا سکیں۔ چالیس سال کی پریکٹس کے دوران آپ نے پندرہ ہزار آئی آپریشن اور ستر ہزار مریضوں کا علاج کیا ہے۔

